﴿مصنف ابن ابی شیبة / المرأة کیف تکون فی سجودھا ؟ / جلد ۱ / صفحه ۲۷۰ / رقم ۲۷۹۸﴾

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں عورت جب سجدہ کرے تو اپنا پیٹ اپنی دونوں رانوں سے ملائے اور اپنی پشت کو بلند نہ کرے اور اپنے اعضاء کو اس طرح نہ

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

کھولے جس طرح مرد کرتا ہے۔ اسی روایت کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے باب

۱۰) مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْأَةِ مِنْ تَرْكِ التَّجَافِي فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُود

کے تحت ذکر فرمایا ہے اور اس سے پہلے فرماتے ہیں

۱۱) وَجِمَاعُ مَا يُفَارِقُ الْمَرْأَةَ فِيهِ الرَّجُلَ مِنْ أَحْكَامِ الصَّلَاةِ رَاجِعٌ إِلَى السَّتْرِ ، وَهُوَ أَنَّهَا مَأْمُورَةٌ بِكُلِّ مَا كَانَ أَسْتَرَ لَهَا ۔

﴿سنن الكبرى للبيهقي / جلد ۲ / صفحه ۲۲۲ / رقم ۳۰۱۳﴾

ترجمہ: نماز کے احکام میں مرد اور عورت جن احکام میں فرق ہے اجماع اُمت کے مطابق یہ بات پردہ پوشی کی طرف راجح ہے چونکہ عورت ہر اس طریقہ میں شریعت کی طرف سے مامور ہے جس میں پردہ پوشی زیادہ ہو۔

مرد و عورت کے بیٹھنے میں فرق

مرد

مرد اپنے دائیں پاؤں کو انگلیوں کے بل کھڑا کر لیں اور اپنے بائیں پاؤں کو نیچے بچھا کر اس پر بیٹھ جائیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تشہد کا ذکر ان الفاظ میں فرماتی ہیں

۱)..وكان يقول في كل ركعتين التحية وكان يفرش رجله اليسرى وينصب رجله اليمنى وكان ينهى عن عقبة الشيطان.

﴿صحيح مسلم / باب ما يجمع صفة الصلاة وما يفتتح به / جلد ۱ / صفحه ۱۹۴﴾

ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ہر دو رکعت کے بعد تشہد ہوتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بائیں پاؤں کو نیچے بچھاتے تھے اور اپنا دایاں پاؤں کھڑا کرتے تھے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم

شیطان کی بیٹھک سے بھی منع فرماتے تھے۔

۲)عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ...وَقَالَ إِنَّمَا سُنَّةُ الصَّلَاةِ أَنْ تَنْصِبَ رِجْلَكَ الْيُمْنَى وَتَثْنِيَ الْيُسْرَى.

﴿صحيح البخارى / باب سنة الجلوس فى التشهد / جلد۱ / صفحه ۱۱٤﴾

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں.... نماز میں بیٹھنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ مرد اپنا بایاں پاؤں بچھادے اور دایاں پاؤں کھڑا رکھے۔

عورت

عورت کے بیٹھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں پاؤں دائیں جانب نکال کر سرین کے بل اس طرح بیٹھے کہ دائیں ران کو بائیں ران کے ساتھ ملا دے۔

علامہ ابن الہمام حنفی رحمة الله علیہ فرماتے ہیں

جلست على إليتها الأيسرى و أخرجت رجليها من الجانب الأيمن لأنه أسترلها.

﴿فتح القدير / باب صفة الصلاة / جلد۱ / صفحه ۲۱۷﴾

ترجمہ: عورت اپنے بائیں سرین پر بیٹھے اور دونوں پاؤں دائیں طرف باہر نکالے کیونکہ اس میں اس کے لئے ستر پوشی زیادہ ہے۔

۱)عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضى الله عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اِذَا جَلَسَتِ الْمَرْاَةُ فِى الصَّلٰوةِ وَضَعَتْ فَخِذَهَا عَلٰى فَخِذِهَا الْاُخْرٰى فَاِذَا سَجَدَتْ اَلْصَقَتْ بَطْنَهَا فِىْ فَخِذِهَا كَاَسْتَرِمَا يَكُوْنُ لَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَنْظُرُ اِلَيْهَا وَ يَقُوْلُ يَا مَلَائِكَتِىْ اُشْهِدُكُمْ اَنِّىْ قَدْغَفَرْتُ لَهَا۔

﴿الکامل لابن عدی / جلد۲ / صفحہ ۵۰۱ / رقم ۳۹۹﴾

﴿السنن الکبری للبیهقی / باب ما یستحب للمراۃ / جلد۲ / صفحہ ۲۲۳﴾

﴿جامع الاحادیث للسیوطی / جلد۳ / صفحہ ۴۳﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب عورت نماز میں بیٹھے تو اپنی ایک ران دوسری ران پر رکھے اور جب سجدہ کرے تو اپنا پیٹ اپنی دونوں رانوں کے ساتھ ملالے جو اس کے لئے زیادہ پردے کی حالت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی طرف دیکھتا ہے اور فرماتا ہے: اے میرے ملائکہ تم گواہ بن جاؤ میں نے اس عورت کو بخش دیا۔

۲) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ رضی الله عنه صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم اَنَّه قَالَ ...وَکَانَ یَاْمُرُ الرِّجَالَ اَنْ یَّفْرِشُوْا الْیُسْریٰ وَیَنْصِبُوْا الْیُمْنٰی فِی التَّشَهُّدِ وَ یَاْمُرُ النِّسَاءَ اَنْ یَّتَرَبَّعْنَ.

﴿السنن الکبری للبیهقی / باب ما یستحب للمراۃ / جلد۲ / صفحہ ۲۲۳﴾

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مردوں کو حکم فرماتے تھے کہ تشہد میں بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھیں اور دایاں پاؤں کھڑا رکھیں اور عورتوں کو حکم فرماتے تھے کہ چار زانو بیٹھیں۔

۳) عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، أَنَّهُ سُئِلَ :کَیْفَ کُنَّ النِّسَاءُ یُصَلِّیْنَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ؟ کُنَّ یَتَرَبَّعْنَ ، ثُمَّ أُمِرْنَ أَنْ یَحْتَفِزْنَ .

﴿جامع المسانید از محمد بن محمود خوارزمی / جلد۱ / صفحہ ۴۰۰﴾

﴿مسند ابی حنیفة روایة الحصکفی / صفحہ ۱۱۴﴾

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سوال کیا گیا کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں

عورتیں نماز کس طرح ادا کرتی تھیں۔ انہوں نے فرمایا پہلے تو چار زانو ہو بیٹھتی تھیں پھر ان کو حکم دیا گیا کہ دونوں پاؤں ایک طرف نکال کر سرین کے بل بیٹھیں۔

٤)عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّہ سُئِلَ عَنْ صَلٰوۃِ الْمَرْاَۃِ فَقَالَ تَجْتَمِعُ وَتَحْتَفِزُ

﴿مصنف ابن ابی شیبۃ / المراۃ کیف تکون فی سجودھا / جلد۲ / صفحہ ۵۰۲ / رقم ۲۷۹٤﴾

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے عورت کی نماز سے متعلق سوال کیا گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خوب سمٹ کر نماز پڑھے اور بیٹھنے کی حالت میں سرین کے بل بیٹھے۔

٥)حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنْ سُفْيَانَ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إبْرَاهِيمَ ، قَالَ : تَجْلِسُ الْمَرْأَةُ مِنْ جَانِبٍ فِي الصَّلاَةِ.

﴿مصنف ابن ابی شیبہ / جلد۱ / صفحہ ۲۷۱ / رقم ۲۸۰۸﴾

ترجمہ: حضرت منصور حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا نماز میں عورت ایک جانب ہو کر بیٹھے۔

مرد و عورت کا نماز مسجد میں پڑھنے کا فرق

مرد

۱)عن أبی هريرة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: صلاة مع الإمام أفضل من خمس وعشرين صلاة يصليها وحده

﴿صحیح مسلم / باب فضل صلوۃ الجماعۃ / جلد۱ / صفحہ ۲۳۱﴾

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ

نماز جو امام کے ساتھ پڑھی جائے اس نماز سے جو اکیلے پڑھی ہو پچیس گناہ زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔

عورت

۱)عن عبدالله بن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: صلاة المرة وحدها أفضل علی صلواتها فی الجمع بخمس وعشرین درجة .

#جامع الاحادیث / جلد۱۳ / صفحه۴۴۹ / رقم۱۳۶۲۸#

#کنز العمال / جلد۱۶ / صفحه۴۶۱ / رقم۴۵۱۸۷#

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: عورت کا اکیلے نماز پڑھنا اس کی نماز باجماعت پر پچیس گنا فضیلت رکھتا ہے۔

۲)تحدثنا أبو عبد الله محمد بن عبد الله بن أحمد الزاهد الأصبهانی ثنا أحمد بن مهدی بن رستم الأصبهانی ثنا عمرو بن عاصم الكلابی ثنا همام عن قتادة عن مورق عن أبی الأحوص ثنا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ :صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا ، وَصَلَاتُهَا فِي مَخْدَعِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي بَيْتِهَا.

هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین(تخریج السیوطی عن ا بن و مسعود عن أم سلمة)

#المستدرك علی الصحیحین / من کتاب الامامة وصلاة الجماعت / جلد۱ / صفحه۳۲۸ / رقم۷۴۹#

تحقیق الألبانی (وهابی)صحیح

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

﴿صحیح و ضعیف الجامع الصغیر / رقم ۷۲۸۰﴾

﴿شرح ابی داؤدللعینی / باب فی خروج النساء الی المسجد / جلد ۳ / صفحہ ۵۵ / رقم ۵۵۲﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت کا کمرہ میں نماز پڑھنا گھر (صحن) میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور (اندرونی) کوٹھڑی میں نماز پڑھنا کمرہ میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے

۳)أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ :مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ :أَنَّ دَرَّاجًا أَبَا السَّمْحِ حَدَّثَهُ عَنِ السَّائِبِ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ -صلى الله عليه وسلم -عَنِ النَّبِيِّ -صلى الله عليه وسلم -قَالَ : خَيْرُ مَسَاجِدِ النِّسَاءِ قَعْرُ بُيُوتِهِنَّ .

قال الحاكم صحيح الإسناد و سكت عنه الذهبي في التلخيص

﴿المستدرك على الصحيحين / جلد ۱ / صفحه ۳۲۷ / رقم ۷۵٦﴾

وقال الألباني (وهابی)حدیث حسن

﴿السلسة الصحيحة / جلد ۳ / صفحه ۳۸٦ / رقم ۱۳۹٦﴾

تعليق شعيب الأرنؤوط :حديث حسن بشواهده

﴿صحيح ابن خزيمة / جلد ۳ / صفحه ۹۲ / رقم ۱٦۸۳﴾

﴿سنن بیهقی الکبری / جلد ۳ / صفحه ۱۳۱ / رقم ۵۱٤۳﴾

﴿مسند احمد بن حنبل / جلد ٦ / صفحه ۲۹۷ / رقم ۲٦۵۸٤﴾

﴿جامع الاحاديث / جلد ۱۲ / صفحه ۳۸۳ / رقم ۱۲۱٤۳﴾

﴿مجمع الزوائد / جلد ۲ / صفحه ۱۵٤ / رقم ۲۱۰۵﴾

﴿کنز العمال / جلد ۱٦ / صفحہ ٤١٦ / رقم ٤٥١٨٦﴾

﴿الجامع الصغیر / جلد ۱ / صفحہ ۳۸۷ / رقم ٤٠٨٧﴾

﴿اتحاف الخیرة المهرة / جلد ۲ / صفحہ ٦۲ / رقم ۱۰٤٤﴾

﴿فیض القدیر / جلد ۳ / صفحہ ٦٥٥ / رقم ٤٠٨٧﴾

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آنحضرت ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: عورتوں کے لیے بہترین مسجدان کی کوٹھریوں کا اندرونی مکان ہے۔

٤) حَدَّثَنَا هَارُونُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهبٍ قَالَ حَدَّثَنِی دَاوُدُ بنُ قَیسٍ عَنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ سُوَیدٍ الْأَنصارِیِّ عَنْ عَمَّتِهِ أُمِّ حُمَیدٍ امرَأَةِ أَبِی حُمَیدٍ السَّاعِدِیِّ أَنَّهَا جَاءَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّی أُحِبُّ الصَّلَاةَ مَعَكَ قَالَ قَدْ عَلِمتُ أَنَّكِ تُحِبِّینَ الصَّلَاةَ مَعِی وَصَلَاتُكِ فِی بَیْتِكِ خَیرٌ لَكِ مِنْ صَلَاتِكِ فِی حُجرَتِكِ وَصَلَاتُكِ فِی حُجرَتِكِ خَیرٌ مِنْ صَلَاتِكِ فِی دَارِكِ وَصَلَاتُكِ فِی دَارِكِ خَیرٌ لَكِ مِنْ صَلَاتِكِ فِی مَسجِدِ قَومِكِ وَصَلَاتُكِ فِی مَسجِدِ قَومِكِ خَیرٌ لَكِ مِنْ صَلَاتِكِ فِی مَسجِدِی (وأورده الهیثمی فی مجمع الزوائد وزاد) قَالَ: فَأَمَرَتْ فَبُنِیَ لَهَا مَسجِدٌ فِی أَقصَى بَیتٍ مِنْ بُیُوتِهَا وَأَظلَمِهِ، فَكَانَتْ تُصَلِّی فِیهِ حَتَّى لَقِیَتِ اللّٰهَ -عَزَّ وَجَلَّ

قال الهیثمی رجاله رجال الصحیح غیر عبد اللّٰه بن سوید الأنصاری ووثقه ابن حبان۔

﴿مجمع الزوائد / باب خروج النساء الی المسجد / جلد ۲ / صفحہ ۱٥٤ / رقم ۲۰۱٦﴾

احقر العباد عثمان حیدر، 0300:6056749

قال الألبانی (وهابی) حدیث حسن

﴿صحیح ابن خزیمة / باب اختیار صلاة المراة / جلد۳ / صفحه۹۵ / رقم۱۶۸۹﴾

تعلیق شعیب الأرنؤوط حدیث حسن

﴿مسنداحمد بن حنبل / جلد۶ / صفحه۳۷۱ / رقم۲۷۱۳۵﴾

﴿صحیح ابن حبان / ذکر البیان بان صلاة المراة / جلد۵ / صفحه۵۹۵ / رقم۱۶۸۹﴾

﴿الترغیب والترهیب للمنذری / باب ترغیب النساء فی الصلاة فی بیوتهن / جلد۱ / صفحه۲۲۵﴾

ترجمہ : حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی اُم حمید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا : یا رسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھنا چاہتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ تم میرے ساتھ نماز پڑھنا پسند کرتی ہو (لیکن) تیرا اپنے گھر میں نماز پڑھنا تیرے حجرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، تیرا حجرے میں نماز پڑھنا چار دیواری میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے چار دیواری میں نماز پڑھنا تیری قوم کی مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور قوم کی مسجد میں نماز پڑھنا میری مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ حضرت اُم حمید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے (آپ ﷺ کی منشا سمجھ کر) اپنے گھر والوں کو حکم دیا تو ان کے لیے گھر کے ایک کونے اور تاریک ترین گوشہ میں نماز کی جگہ بنا دی گئی۔ چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنی وفات تک اسی جگہ نماز پڑھتی رہیں۔

اس سے معلوم ہوا عورتوں کو جماعتوں میں حاضر ہونا کسی حکم کی وجہ سے نہ تھا، بلکہ محض مباح تھا۔ اگر عورتوں کے لیے مسجد میں نماز کے لئے حاضر ہونا سنت ہوتا تو آنحضرت ﷺ اپنی مسجد کی نماز سے مسجد محلّہ کی نماز کو اور مسجد محلّہ کی نماز سے گھر کی نماز کو بہتر کیوں فرماتے۔

۵) أخبرنا أبو طاهر نا أبو بکر نا محمد بن یحیی نا محمد بن

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

عیسی نا أبو معاویة عن إبراهیم الهجری عن أبی الأحوص عن عبد الله عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم ، قَالَ: إِنَّ أَحَبَّ صَلَاةٍ تُصَلِّیهَا الْمَرْأَةُ إِلَی اللهِ ، فِی أَشَدِّ مَکَانٍ فِی بَیْتِهَا ظُلْمَةً.

وقال الهیثمی ورجاله موثقون

﴿مجمع الزوائد/باب خروج النساء الی المسجد/جلد۲/صفحه۱۵٦/رقم۲۱۱۵﴾

قال الألبانی(وهابی)حسن

﴿صحیح ابن خزیمة/باب اختیار صلاة المرة/جلد۳/صفحه۹۵/رقم۱٦۹۱﴾

﴿سنن بیهقی الکبری/باب خیر مساجد النساء قعر بیوتهن/جلد۳/صفحه۱۳۱/رقم۵۱٤٦﴾

﴿فتح القدیر/باب الامامة/جلد۲/صفحه۱۹۳﴾

ترجمہ: اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ عورت کی کوئی نماز، خدا کو اس نماز سے زیادہ محبوب نہیں، جو اس کی تاریک تر کوٹھری میں ہو۔

٦) حَدَّثَنَا خَلَفٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلی الله علیه وسلم: "لَوْلَا مَا فِی الْبُیُوتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالذُّرِّیَّةِ، لَأَقَمْتُ صَلَاةَ الْعِشَاءِ، وَأَمَرْتُ فِتْیَانِی یُحْرِقُونَ مَا فِی الْبُیُوتِ بِالنَّارِ.

﴿مشکاة المصابیح/باب الجماعة/جلد۱/صفحه۲۳٦/رقم۱۰۷۳﴾

﴿مسند احمد بن حنبل/جلد۲/صفحه۳٦۷/رقم۸۷۸۲﴾

﴿فتح الباری/باب وجوب الصلاة الجماعة/جلد۲/صفحه۱۲٦﴾

﴿عمدة القاری/باب وجوب الصلاة الجماعة/جلد۸/صفحه۲۲٦﴾

﴿تحفة الاخوذی/باب ماجاء فیمن سمع النداء/جلد۱/صفحه۵٤۰﴾

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے، تو میں نماز عشاء قائم کرتا، اور اپنے جوانوں کو حکم دیتا

کہ گھروں میں آگ لگادیں۔
عورتوں اور بچوں کا اس حدیث میں الگ ذکر فرمانا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ عورتیں اور بچے جماعت میں حاضر ہونے کی مکلّف نہ تھے، اور جماعت ان کے ذمے نہ تھی، ورنہ وہ بھی اس ترک جماعت کہ جرم میں شریک ہوتے اور اس سزا کے بھی حقدار۔

۷)عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ لَوْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ فَقُلْتُ لِعَمْرَةَ أَنِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُنِعْنَ الْمَسْجِدَ قَالَتْ نَعَمْ

﴿صحیح مسلم /باب خروج النساء الی المسجد /جلد۲ /صفحه۴۴۹ /رقم۶۷۶﴾
﴿صحیح بخاری /باب خروج النساء الی المسجد /جلد۳ /صفحه۳۷۸ /رقم۸۲۲﴾

ترجمہ: حضرت عمرہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سُنا ہے کہ آپ فرماتی ہیں اگر رسول اللہ ﷺ وہ کچھ دیکھ لیتے جو عورتوں نے حال بنا رکھا ہے تو انکو مساجد سے روک دیتے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتیں مسجد سے روک دی گئی تھیں، میں نے حضرت عمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کیا بنی اسرائیل کی عورتیں مسجد سے روک دی گئی تھیں تو انہوں نے کہا جی ہاں۔

وَلَقَدْ نَهَى عُمَرُ النِّسَاءَ عَنِ الْخُرُوجِ إِلَى الْمَسَاجِدِ فَشَكَوْنَ إِلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا فَقَالَتْ :لَوْ عَلِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مَا أَذِنَ لَكُنَّ فِي الْخُرُوجِ ،

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

فَاحْتَجَّ بِهِ عُلَمَاؤُنَا وَمَنَعُوا الشَّوَابَّ عَنِ الْخُرُوجِ مُطْلَقًا .

﴿العناية شرح الهداية / باب الامامة / جلد ٢ / صفحه ٨٢﴾

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عورتوں کو مسجد میں آنے سے منع فرمایا تو عورتوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس کی شکایت کی تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جن امور کا علم ہوا ہے اگر حضور ﷺ کے سامنے یہ امور ظاہر ہوتے تو وہ بھی تم کو گھر سے نکلنے کی اجازت نہ فرماتے۔ ہمارے علماء نے اسی سے استدلال کیا ہے اور نو جوان عورتوں کو مطلقا باہر نکلنے سے منع فرمادیا ہے۔

وَلَا يُبَاحُ لِلشَّوَابِّ مِنْهُنَّ الْخُرُوجُ إِلَى الْجَمَاعَاتِ ، بِدَلِيلِ مَا رُوِيَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ نَهَى الشَّوَابَّ عَنِ الْخُرُوجِ ؛ وَلِأَنَّ خُرُوجَهُنَّ إِلَى الْجَمَاعَةِ سَبَبُ الْفِتْنَةِ ، وَالْفِتْنَةُ حَرَامٌ ، وَمَا أَدَّى إِلَى الْحَرَامِ فَهُوَ حَرَامٌ

﴿بدائع الصنائع / فصل بيان من يصلح للامامة. / جلد ٢ / صفحه ١٢٤﴾

ترجمہ: جوان عورتوں کا جماعت میں شرکت کے لیے نکلنا مباح نہیں ہے دلیل اسکی یہ کے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے جوان عورتوں کو باہر نکلنے سے منع فرمادیا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ عورتوں کا گھروں سے مردوں کی جماعت کی طرف نکلنا فتنہ کا سبب ہے اور فتنہ حرام ہے اور جو چیز حرام تک لے جائے وہ بھی حرام ہے۔

یہ روایت اس طرح بھی آتی ہے

٨) عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ لَوْ أَدْرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي

إسرَائِیلَ

﴿صحیح بخاری / باب خروج النساء الی المسجد / جلد۳ / صفحہ۳۷۸ / رقم۸۲۲﴾

﴿صحیح مسلم / باب خروج النساء الی المسجد / جلد۲ / صفحہ۴۴۹ / رقم۶۷۶﴾

﴿جامع ترمذی / باب ماجاء فی خروج النساء فی العیدین / جلد۲ / صفحہ۳۹۲ / رقم۴۹۳﴾

﴿صحیح ابن خزیمۃ / جلد۳ / صفحہ۹۸ / رقم۱۶۹۸﴾

﴿مسنداحمد بن حنبل / جلد۶ / صفحہ۲۳۵ / رقم۲۶۰۲۴﴾

﴿فتح الباری / باب خروج النساء / جلد۲ / صفحہ۳۵۰﴾

ترجمہ: یعنی اگر رسول اللہ ﷺ ان حرکات کو دیکھتے جو آج کل کی عورتوں نے ایجاد کرلی ہیں تو ان کو مسجد میں جانے سے روک دیتے، جس طرح کہ بنی اسرائیل کی عورتوں کو روک دیا گیا تھا۔

علامہ عینی فرماتے ہیں اگر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عورتوں کے اس بناؤ سنگھار کو دیکھ لیتیں جو انہوں نے ہمارے زمانے میں ایجاد کرلیا ہے اور اپنی زیبائش اور نمائش میں غیر شرعی طریقے اور مذموم بدعات نکال لی ہیں تو یقیناً اپنے موقف میں اور شدت اختیار فرماتیں ﴿عمدۃ القاری﴾

اگر علامہ عینی اس زمانہ کی فیشن ایبل عورتوں کو دیکھ لیتے تو دنگ رہ جاتے اب تو اکثر عورتوں نے برقع پہننا ہی چھوڑ دیا ہے۔ برقع تو بہت دور کی بات سر پر دوپٹہ بھی نہیں لیتیں اور انکا تنگ و چست لباس ایک الگ عریانی کا منظر پیش کررہا ہوتا ہے جسکی پیش گوئی رسول اللہ ﷺ نے اپنے دور اقدس میں بیان فرمادی تھی

عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا .... وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُءُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ

الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا

﴿صحیح مسلم / باب النّساء الکاسیات العاریات المائلات الممیلات / رقم ۵۴۸۱﴾

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دوزخ والوں کی دو قسمیں ایسی ہیں کہ جنہیں میں نے نہیں دیکھا .... دوسری قسم ان عورتوں کی ہے جو لباس پہننے کے باوجود ننگی ہیں وہ دوسروں کو مائل کرنے والی اور خود مائل ہونے والی ہیں اُن عورتوں کے سر بختی اونٹوں کی (کوہان) طرح جھکے ہونگے وہ عورتیں جنت میں داخل نہیں ہوں گی اور نہ ہی جنت کی خوشبو پا سکیں گی حالانکہ جنت کی خوشبو اتنی مسافت (یعنی دور دور) سے محسوس کی جا سکتی ہے۔

لیکن آج اگر کوئی برقع پہنتی بھی ہیں تو برقع کی وضع قطع ایسی ہوتی جس سے اُسکا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے مزید یہ کہ بیوٹی پارلروں میں جا کر جدید طریقوں سے میک اپ کرواتی ہیں مردوں کے ساتھ مخلوط اجتماعات میں شرکت کرتی ہیں اور رہتی کمی آج پاکستان کے بے ضمیر وضمیر فروش سیاست دانوں نے دہرنوں میں عورتوں کو لا کر پوری کردی ہے قوم بھی ساتھ بغیرتی کی اعلی منازل کی طرف گامزن ہے آجکل کی لڑکیاں میرتھن ریس، کرکٹ، فٹبال میں حصہ لیتی ہیں بسنت میں پتنگ اڑاتی ہیں ویلنٹائن ڈے مناتی ہیں بسوں، جہازوں، دوکانوں، اسپتالوں، سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، میں آج عورتیں مردوں کے شانہ بشانہ چلنے وکسب معاش کی خاطر اپنی عزتیں پامال کررہی ہیں جس کے موذی نتائج آج ہمارے سامنے ہیں اسلامی تعلیمات یہ ہے کہ بیوی بچوں کی کفالت کا ذمہ دار مرد ہے اور عورت کی ذمہ داری شرعی فرائض ادا کرنے کے بعد تمام جائز اور مباح امور میں شوہر کی اطاعت ہے لیکن آج معاشی اعانت کے لیے عورتوں کو ذریعہ بنایا ہے جو کے غیر فطری بھی ہے اور غیر

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

اسلامی بھی اسی لئے اس قسم کی آزاد خیال عورتوں کے مسجد میں جانے کا تو خیر کوئی امکان نہیں
اسی لیے حضور اقدس ﷺ نے فرمایا

عن عبدالله ابن عُمر رضی الله عنهما قال رسول الله ﷺ المَرأَۃُ عَورَۃٌ و اِنَّهَا اِذَا خَرجَت اِستَشرَفَهَا الشَّیطَانُ وَ اِنَّهَا لَتَکُونُ اقرَبُ اِلیٰ اللهِ مِنهَا فی قَعرِ بَیتِها

رواه الطبرانی فی الکبیر ورجاله موثقون و رواه الطبرانی فی الأوسط ورجاله رجال الصحیح

﴿صحیح ابن خزیمة / جلد۳ / صفحه۹۳ / رقم۱۶۸۶﴾

﴿السلسلة الاحادیث الصحیحة / رقم۲۶۸۸﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عورت (ساری کی ساری) پردے (میں رکھنے) والی چیز ہے اور بے شک جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اُسکی راہنمائی کرتا ہے (یعنی اُسے گناہ کی طرف لے جاتا ہے) اور عورت اپنے گھر میں (رہتے ہوئے) اللہ کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔

علامہ عینی حنفی رحمة الله علیه نقل فرماتے ہیں

۹) کان ابن عمر رضی الله تعالی عنهما یقوم یحصب النساء یوم الجمعة یخرجهن من المسجد

﴿عمدة القاری / باب خروج النساء الی المسجد / جلد۹ / صفحه۴۷۵﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جمعہ کے دن کھڑے ہو کر عورتوں کو کنکریاں مارتے کہ مسجد سے نکل جائیں۔

۱۰) وعن أبی عمرو الشیبانی أنه رأى عبدالله یخرج النساء

من المسجديوم الجمعةويقول اخرجن إلى بيوتكن خير لك

﴿مصنف ابن ابی شیبه / جلد۲ / صفحه ۲۸٤ / رقم۷٦۹۹﴾

رواه الطبرانی فی الكبير بإسناد لا بأس به

(حكم البانی(وهابی) صحيح لغيره موقوف)

﴿صحيح الترغيب والترهيب / جلد۱ / صفحه ۸٤ / رقم۳٤۹﴾

ترجمہ: اور حضرت عمرو شیبانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا کہ وہ جمعہ کے روز عورتوں کو مسجد سے نکال رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اپنے گھروں کی طرف چلی جاؤ یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔

اعتراض: حضور اقدس ﷺ نے تو عورتوں کو مساجد کی طرف روکنے سے منع فرمایا ہے۔

عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَمْنَعُوا نِسَاءَكُمْ الْمَسَاجِدَ إِذَا اسْتَأْذَنَّكُمْ إِلَيْهَا

﴿صحيح مسلم / باب خروج النساء الى المساجد / جلد۲ / صفحه ٤٤٠ / رقم٦٦٧﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں میں نے رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ کو فرماتے ہوئے سُنا تم منع نہ کرو اپنی عورتوں کو جب وہ تم سے اجازت مانگیں مساجد میں جانے کی۔

جواب: یہی روایت ابو داود میں سند صحیح کے ساتھ اس طرح ذکر ہے

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوا نِسَاءَ

کُمُ الْمَسَاجِدَ وَبُيُوتُهُنَّ خَيْرٌ لَهُنَّ

﴿سنن ابی داود / باب ماجاء فی خروج النساء الی المسجد / جلد ۲ / صفحہ ۱۷۷ / رقم ۴۸۰﴾

(قلت :(البانی وهابی)حديث صحيح، وكذا قال الحاكم، وزاد " :على شرط الشيخين "،ووافقه الذهبی، وصححه ابن خزيمة أيضا، وقال النووی والعراقی " :إسناده صحيح "، وزاد الأول منهما " :على شرط البخاری ")

﴿صحیح ابی داود / باب ماجاء فی خروج النساء الی المسجد / جلد ۳ / صفحہ ۱۰۳ / رقم ۵۷۶﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنی عورتوں کو مسجدوں میں آنے سے نہ روکو اور انکے گھر انکے لیے زیادہ بہتر ہیں۔

اس حدیث سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں کا حضور ﷺ کے زمانہ اقدس میں جماعتوں میں حاضر ہونا محض جائز تھا، اس رخصت واباحت کے باوجود آنحضرت ﷺ کا ارشاد، ان کے لیے یہی تھا کہ اپنے گھروں میں نماز پڑھیں، اور اسی کی ترغیب دی اور فضیلت بھی بیان فرمائی اور آنحضرت ﷺ کا مبارک زمانہ بھی فتنہ وفساد سے مامون تھا

یہاں اب ایک اور اعتراض کا جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں بعض لوگ کہتے ہیں کہ مساجد میں جانے سے تو تم لوگ اپنی عورتوں کو منع کرتے ہو لیکن مزارات پر جانے سے تو نہیں روکتے جہاں مردوں وعورتوں کا اختلاط عمومی بات ہے تو اس ضمن میں

شیخ الاسلام والمسلمین مجدد دین وملت امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان محدث بریلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: غنیۃ میں ہے یہ نہ پوچھو کہ عورتوں کا مزاروں پر جانا جائز ہے یا نہیں؟ بلکہ یہ پوچھو کہ اس عورت پر کس قدر لعنت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور کس قدر صاحب قبر کی جانب سے۔ جس وقت وہ گھر سے ارادہ کرتی ہے لعنت شروع ہو جاتی ہے اور

جب تک واپس آتی ہے ملائکہ لعنت کرتے رہتے ہیں۔سوائے روضہ رسول ﷺ کے کسی مزار پر جانے کی اجازت نہیں۔وہاں کی حاضری البتہ سنت جلیلہ عظیمہ قریب بواجبات ہے اور قرآن کریم نے اسے مغفرت کا ذریعہ بتایا۔

﴿ملفوظات اعلی حضرت / صفحہ ۲۴۰﴾

عورتوں کا مزارات پر جانا ناجائز ہے :سوائے روضہ رسول ﷺ کے کسی مزار پر جانے کی اجازت نہیں۔

﴿جمل النور فی نهی النساء عن زيارة القبور فتاویٰ رضويه / جلد۹ / صفحه ۵۴۱﴾ یہ بات تو اب واضح ہوگئی کہ ہمارے نزدیک عورتوں کا مزارات پر جانا بالکل بھی جائز نہیں اور مزارات پر ہونی والی خرافات کا اہلسنت سے کوئی تعلق نہیں۔

مرد پر جمعه فرض هے جبکے عورت پر نهیں

مرد

۱)وَعَنِ ابُنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ مَنُ تَرَكَ الُجُمُعَةَ مِنُ غَيُرِ ضَرُورَةٍ كُتِبَ مُنَا فِقًا فِی كِتَابٍ لَا يُمُحی وَلَا يُبَدَّلُ وَفِی بَعُضِ الرِّوَايَاتِ ثَلَاثًا۔

﴿معرفة السنن والآثار للبيهقی / تشديد فی ترك الجمعة / جلد؟ / صفحه ۲۰۱ / رقم ۱۸۳۰﴾

﴿مسند الشافعی / ومن كتاب ايجاب الجمعة / جلد۱ / صفحه ۷۰ / رقم ۳۰۳﴾

﴿جمع الجوامع / حرف الميم / رقم ۴۴۶۴﴾

﴿كنز العمال / فصل الثانی فی وجوب الجمعة / جلد۷ / صفحه ۷۳۰ / رقم ۲۱۱۴۴﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو آدمی بغیر کسی عذر کے نماز جمعہ چھوڑ دیتا ہے وہ ایسی کتاب میں منافق لکھا جاتا ہے جو نہ کبھی مٹائی جاتی ہے اور نہ تبدیل کی جاتی ہے اور بعض روایات میں یہ ہے کہ جو آدمی تین جمعے

چھوڑ دے۔

عورت

۱)وَعَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجُمُعَةُ حَقٌّ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِي جَمَاعَةٍ اِلَّا عَلٰى اَرْبَعَةٍ عَبْدٍ مَمْلُوْكٍ اَوِامْرَأَةٍ اَوْصَبِيٍّ اَوْ مَرِيْضٍ رَوَاهُ اَبُوْدَا،دَ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي وَائِلٍ۔

﴿سنن ابی داود/باب الجمعة للمملوك والمرأة/جلد۳/صفحه۲٦٥/رقم۹۰۱﴾

قلت (البانی وهابی)اسناده صحيح

﴿صحيح ابی داود/باب الجمعة للمملوك والمرأة/رقم۹۷۸﴾

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين فقد اتفقا جميعا ......

تعليق الذهبي قي التلخيص :صحيح

﴿المستدرك على الصحيحين مع تعليقات الذهبي في التلخيص/كتاب الجمة/۱۰٦۲﴾

ترجمہ:اورحضرت طارق ابن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ حق ہے اور جماعت کے ساتھ ہر مسلمان پر واجب ہے علاوہ چار کے غلام جوکسی کی ملک میں ہو عورت بچہ اور مریض (یعنی ان پر نماز جمعہ لازم نہیں)

۲)عن ابی قتادة قال قال رسول لله ليس على النساء جمعة ولا تشييع جنازة

﴿كنز العمال/جلد۱٦/صفحه۱٦۹/رقم۴۵۱۲۸﴾

ترجمہ:حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:عورتوں پر جمعہ لازم نہیں ہے اور نہ جنازہ کے ساتھ چلنا۔

احقر العباد عثمان حیدر,0300:6056749

مرد و عورت کا نماز جنازہ میں فرق

مرد

۱)أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ -صلى الله عليه وسلم -قَالَ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ احْتِسَابًا فَصَلَّى عَلَيْهَا وَدَفَنَهَا فَلَهُ قِيرَاطَانِ وَمَنْ صَلَّى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ أَنْ تُدْفَنَ فَإِنَّهُ يَرْجِعُ بِقِيرَاطٍ مِنَ الأَجْرِ .

﴿سنن نسائی /باب ثواب من صلی علی جنازۃ /رقم۲۰۰۸﴾

﴿صحیح بخاری /باب اتّبَاعُ الْجَنَائِزِ مِنَ الإِيمَانِ /رقم۴۷﴾

﴿صحیح مسلم /باب فَضْلِ الصَّلاَةِ عَلَى الْجَنَازَةِ وَاتِّبَاعِهَا /رقم۲۲۳۷﴾

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کسی مسلمان کے جنازے کے ساتھ جائے ایمان کی حالت میں ثواب کی نیت سے اسکی نماز جنازہ ادا کرے پھر قبر میں رکھے جانے تک انتظار کرے تو اسکے لیے دو قیراط ثواب ہے ایک قیراط جبل احد کی طرح ہوگا، اور جس نے اسکی نماز جنازہ پڑھی اور لوٹ آیا تو اسے صرف ایک قیراط ثواب ملے گا۔

عورت

۱)حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ نُهِينَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

﴿صحیح بخاری /باب اتّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَائِزَ /رقم۱۱۹۹﴾

﴿صحیح مسلم /باب نَهْيِ النِّسَاءِ عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ /رقم۱۵۵۵﴾

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

﴿مصنف عبدالرزاق / باب منع النساء اتباع الجنائز / رقم ٦٢٨٨﴾

ترجمہ: حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: ہمیں جنازہ کے پیچھے چلنے سے منع کیا گیا ہے۔

۲)عن ابن عمر رضی الله عنهما ان رسول الله ﷺ قال ليس للنساء فی اتباع الجنائز اجر۔

﴿سنن الکبری للبیهقی / جلد ٤ / صفحه ٦٣ / رقم ٧٣٦٥﴾

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا عورتوں کو جنازہ کے پیچھے چلنے میں کوئی ثواب نہیں۔

۳)وَعَنْ عَبْدِ الله بْنِ عَمْرٍو رضی الله عنهما قَالَ :بَيْنَمَا نَحْنُ نَمْشِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيه وسَلَّم إِذْ بَصَرَ بِامْرَأَةٍ لَا نَظُنُّ أَنَّهُ عَرَفَهَا ، فَلَمَّا تَوَسَّطَ الطَّرِيقَ وَقَفَ حَتَّى انْتَهَتْ إِلَيْهِ فَإِذَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ الله صَلَّى الله عَلَيه وسَلَّم ، فَقَالَ لَهَا :مَا أَخْرَجَكِ مِنْ بَيْتِكِ يَا فَاطِمَةُ ؟ فَقَالَتْ :أَتَيْتُ أَهْلَ هَذَا الْمَيِّتِ فَتَرَحَّمْتُ عَلَيْهِمْ وَعَزَّيْتُهُمْ بِمَيِّتِهِمْ قَالَ :لَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى ، قَالَتْ :مَعَاذَ الله أَنْ أَكُونَ بَلَغْتُهَا مَعَهُمْ وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِي ذَلِكَ مَا تَذْكُرُ فَقَالَ :لَوْ بَلَغْتِيهَا مَعَهُمْ مَا رَأَيْتِ الْجَنَّةَ رَوَاهُ أَبُو يَعْلَى بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

﴿اتحاف الخیرة المهرة / باب المساجد / جلد ٢ / صفحه ٥٠٨ / رقم ١٩٩٨﴾

﴿سنن البیهقی الکبری / باب ماورد فی نهی عن اتباع الجنائز / جلد ٤ / صفحه ٧٧ / رقم ٦٩٩٥﴾

﴿سنن النسائی / جلد ٦ / صفحه ٤٣٤ / رقم ١٨٥٧﴾

﴿مسند احمد بن حنبل / جلد ٢ / صفحه ١٦٨ / رقم ٦٥٧٤﴾

﴿مسند البزار / جلد۱ / صفحہ۳۷۷ / رقم ۲۴۳۹﴾

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے...... کہ آپ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گھر سے کیوں نکلی تھی؟ کہا کہ فلاں کی میت میں گئی تھی کہ اُن کہ لیے رحمت کی دعا کر دوں ۔ اور اُن کے گھر والوں کو تسلی دے دوں ۔ آپ ﷺ نے پوچھا شاید قبرستان بھی گئی تھی ۔ (جنازہ کہ ساتھ) جواب دیا خدا کی پناہ کہ میں قبرستان جاؤں جب کہ میں آپ سے اس اس طرح سُن چکی ہوں (وعیدیں) جو آپ نے بیان کیا آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم اسکے ساتھ (یعنی جنازہ کہ ساتھ) قبرستان جاتی تو جنت دیکھ بھی نہ سکتی تھی۔

مرد کے لیے نماز اور غیر نماز دونوں حالتوں میں ازار کو ٹخنوں سے اوپر رکھنے کا حکم ہے

۱)عن ابی ذر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلاثۃ لا یکلمھم اللہ یوم القیمۃ ولا ینظر الیھم ولا یزکیھم ولھم عذابٌ الیم قال فقراھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث مرات قال ابو ذر خابوا وخسروا من ھم یا رسول اللہ قال المسبل والمنان والمنفق سلعتہ بالحلف الکاذب۔

﴿شعب الایمان للبیہقی / جلد٤ / صفحہ ۲۲۰ / رقم ٤٨٥١﴾

ترجمہ: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا : تین افراد ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بات نہ کرے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ آپ نے یہ تین بار فرمایا، تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا برباد ہوئے اور نقصان میں

احقر العباد عثمان حیدر,0300:6056749

پڑے کون لوگ ہوں گے۔ اے اللہ کے رسول ﷺ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک اپنے ازار کو زمین پر گھسیٹنے والا، دوسرا احسان جتلانے والا اور تیسرا اپنا مال جھوٹی قسم کھا کر بیچنے والا۔

عورت کے لیے نماز اور غیر نماز دونوں حالتوں میں ازار کو ٹخنوں سے نیچے رکھنے کا حکم ہے

۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرْ اللَّهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ فَكَيْفَ يَصْنَعْنَ النِّسَاءُ بِذُيُولِهِنَّ قَالَ يُرْخِينَ شِبْرًا فَقَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفُ أَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِينَهُ ذِرَاعًا لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ قَالَ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وقال الترمذی هذا حدیث صحیح وفی الحدیث رخصة للنساء فی جر الإزار لأنه یکون أستر لهن

﴿سنن ترمذی / باب ما جاء فی جر ذیول النساء / رقم ۱۶۵۳﴾

تحقیق الألبانی (وهابی) صحیح

﴿صحیح و ضعیف سنن ترمذی / جلد ۴ / صفحہ ۲۳۱ / رقم ۱۷۳۱﴾

﴿ریاض الصالحین / باب استحباب ترک الترفع / جلد ۱ / صفحہ ۴۳۱﴾

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو کبر و بڑائی کی وجہ سے اپنے کپڑے کو ٹخنے سے نیچے لٹکائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر نگاہ کرم نہیں فرمائے گا۔ اس پر حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی عورتیں اپنا کپڑا کس طرح رکھیں گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا پھر ہاتھ بھر نیچے رکھیں اس سے زائد نہیں

۔امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے اس حدیث میں عورتوں کو ٹخنوں سے نیچے کپڑا رکھنے کا حکم ہے تا کہ انکے لیے زیادہ ستر پوشی ہو سکے۔

۲)وعن أنس بن مالك أن رسول الله صلى الله عليه و سلم شبر لفاطمة من عقبها شبرا وقال هذا ذيل المرأة

﴿مجمع الزوائد/باب فی ذیول النساء/جلد٥/صفحه٢٢٢/رقم٨٥٤٤﴾

﴿المعجم الاوسط/جلد٦/صفحه١٠٤/رقم٥٩٣٦﴾

﴿فتح الباری/باب من جر ثوبه من الخيلاء/جلد١٠/صفحه٢٥٩﴾

ترجمہ:حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ایڑھی کی جانب سے ایک بالشت کی اجازت دی اور فرمایا عورتوں کا کپڑا اتنا لٹکے یعنی جو ٹخنوں کو چھپائے۔

۳)وَرَوَاهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ مَرْفُوعًا أَخْبَرَنَاهُ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِى وَأَبُو صَادِقٍ :مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْعَطَّارُ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ :مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِىُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ :أَنَّهَا سَأَلَتِ النَّبِىَّ -صلى الله عليه وسلم- أَتُصَلِّى الْمَرْأَةُ فِى دِرْعٍ وَخِمَارٍ لَيْسَ عَلَيْهَا إِزَارٌ؟ فَقَالَ : إِذَا كَانَ الدِّرْعُ سَابِغًا يُغَطِّى ظُهُورَ قَدَمَيْهَا .

هذا حديث صحيح على شرط البخارى و لم يخرجاه تعليق

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

الذهبی فی التلخیص :علی شرط البخاری

﴿المستدرک علی الصحیحین / جلد ۱ / صفحه ۳۸۰ / رقم ۹۱۵﴾

﴿السنن الکبری للبیهقی / جلد ۲ / صفحه ۲۱۳ / رقم ۳۳۷۶﴾

﴿سنن ابی داود / جلد ۲ / صفحه ۲۷۳ / رقم ۵۴۵﴾

ترجمہ : حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا کہ کیا عورت ایک اوڑھنی اور لمبے کرتے میں جس کے اندر لنگی نہ ہو، نماز پڑھ سکتی ہے؟ فرمایا : اگر کرتا اتنا لمبا ہو کہ پاؤں کے پنجوں کو چھپالے تو ہو جاتی ہے۔

مردوں کی ننگے سر نماز ہو جاتی ہے جبکہ **عورتوں** کی نماز دوپٹہ کے بغیر ادا نہیں ہوتی

۱)أنا أبو طاهر نا أبو بكر حدثنا هشام بن عبد الملك أبو الوليد و الحجاج بن المنهال قالا حدثنا حماد بن سلمة عن قتادة عن محمد بن سيرين عن صفية بنت الحارث عَنْ عَائِشَةَ ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ " :لا يَقْبَلُ اللَّهُ صَلاةَ امْرَأَةٍ قَدْ حَاضَتْ إِلا بِخِمَارٍ

قال الأعظمی إسناده صحیح

وقال(الحاکم) حدیث صحیح علی شرط مسلم

﴿صحیح ابن خزیمة / باب نفی قبو ل صلاة الحرة / جلد ٦ / صفحه ۱۵۷﴾

﴿عمدة القاری / با ب وجوب الصلاة فی الثیاب / جلد ٦ / صفحه ۱۵۷﴾

﴿نصب الرایة / باب شروط الصلاة / جلد ۱ / صفحه ۲۹۵﴾

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بالغہ عورت کی نماز بغیر چادر کہ اللہ قبول نہیں کرتا۔

مرد و عورت کا تنبیہ کرنے میں فرق

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ,قَالَ " :التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

﴿صحیح البخاری /کتاب الجمعة أبواب العمل فی الصلاة / باب التصفیق للنسا/رقم ١١٣٤﴾

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا :(سامنے سے گذرنے والے کوخبردار کرنا ہوتو) تسبیح مردوں کے لئے ہے اور تصفیق (دائیں ہاتھ کی انگلیوں کی پشت کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے کنارہ پر مارنا) عورتوں کیلئے۔

مرد وعورت کا اذان و اقامت کہنے میں فرق

عورت اذان واقامت نہیں پڑھ سکتی کیونکہ اذان واقامت میں آواز بلند کرنا مشروع ہے۔اور عورت کے لیے اپنی آواز بلند کرنا جائز نہیں۔

١)أخبرنا أبو زكريا المزكى وأبو بكر بن الحسن القاضي قالا ثنا أبو العباس محمد بن يعقوب ثنا بحر بن نصر قال قرء على بن وهب أخبرك عبد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ أَذَانٌ وَلَا إِقَامَةٌ

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ(موقوفا)

﴿سنن بیهقی الکبری /باب لیس علی النساء أذان ولا إقامة /جلد١ /صفحه٤٠٨ /رقم١٧٧٩﴾

﴿مصنف ابن ابی شیبة /باب فی النساء قال لیس علیهن اذان ولااقامة /جلد١ /صفحه٢٢٢ /رقم٢٣٢٧﴾

﴿جامع الاحادیث /جلد١٨ /صفحه٢٧٧ /رقم١٩٣٩٩﴾

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ عورتوں کیلئے اذان و اقامت (مشروع) نہیں۔

مرد وعورت کا امامت میں فرق

مرد امامت کرتے ہیں تو مقتدیوں سے آگے کھڑے ہوتے ہیں، عورتوں کیلئے اولاً تو جماعت کا حکم نہیں لیکن اگر وہ نوافل وغیرہ میں عورتوں کی امامت کر رہی ہو تو آگے کھڑے ہونے کی اجازت نہیں، صف ہی کے درمیان کھڑے ہو کر نماز پڑھے گی۔

۱)حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ ، عَنْ مَوْلًى لِبَنِي هَاشِمٍ ، عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ :لَا تَؤُمُّ الْمَرْأَةُ۔

﴿مصنف ابن أبي شيبة /كتاب الصلاة /جلد٢ /صفحه٨٩ /رقم٤٩٩٤﴾

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ : عورت امامت نہ کرے۔

۲)أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ ، قَالَ :أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ ، عَنْ صَفْوَانَ ، قَالَ " :إِنَّ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ تُصَلِّيَ الْمَرْأَةُ بِالنِّسَاءِ تَقُومُ فِي وَسَطِهِنَّ .

﴿الأم للشافعي / كِتَابُ الْحَيْضِ إِمَامَةُ المرأةِ وَمَوقِفُها فِي الإِمامةِ /صفحه٢٧٤﴾

ترجمہ: بیشک یہ نماز کی سنت میں سے ہے کہ عورت نماز پڑھے عورتوں کیساتھ کھڑے ہو کر ان کے درمیان میں۔

۳)عبد الرزاق عن إبراهيم بن محمد عن داود بن الحصين عن عكرمة عن بن عباس قال تؤم المرأة النساء تقوم في وسطهن

﴿مصنف عبد الرزاق /باب المراة تئوم النساء /جلد٣ /صفحه ١٤٠ /رقم٥٠٨٣﴾

٤)عبد الرزاق عن بن مجاهد عن أبيه وعطاء قالا تؤم المرأة النساء في الفريضة والتطوع تقوم وسطهن

احقر العباد عشار حید, 0300:6056749

﴿مصنف عبد الرزاق / باب المراة تئوم النساء / جلد۳ / صفحه ۱۴۰ / رقم ۵۰۸۱﴾

۵)حَدَّثَنَا ابنُ نُمَيرٍ ، عَنْ حُرَيْثٍ ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، أَنَّهُ قَالَ :لَا بَأْسَ أَنْ تَؤُمَّ الْمَرْأَةُ النِّسَاءَ ، تَقُومُ مَعَهُنَّ فِي الصَّفِّ.

﴿مصنف ابن ابی شيبة / جلد ۲ / صفحه ۸۹ / رقم ۴۹۹۳﴾

۶)عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ :تَؤُمُّ الْمَرْأَةُ النِّسَاءَ تَقُومُ وَسَطَهُن.

﴿سنن بيهقى الكبرى / جلد۳ / صفحه ۱۳۱ / رقم ۵۱۴۱﴾

علماء کے نزدیک تو عورت کی امامت خواہ فرض نماز میں ہو یا نفل نماز میں مکروہ تحریمی ہے اور یہ کراہت عورتوں کی نفل نماز کی جماعت میں اور زیادہ شدید ہے کیونکہ نفل کی جماعت تداعی (اعلان) کے ساتھ مردوں کے لئے جائز نہیں تو عورتوں کے لئے کیسے جائز ہو سکتی ہے؟

درمختار میں ہے :يكره تحريما (جماعة النساء) ولو فى التراويح فى غير صلاة الجنازة -

﴿الدر المختار / باب الامامة / جلد ۱ / صفحه ۵۶۵﴾

مرد و عورت کا قضاء نماز کی ادائگی میں فرق

قضاء نمازیں **مرد** کو سب ادا کرنی ہیں، جبکہ **عورت** کو ایام حیض میں نہ نماز ادا کرنی ہے اور نہ ہی بعد میں اس کی قضا لازم ہے

مرد

۱)حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ ابنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ " :إِنَّ الْمُشْرِكِينَ شَغَلُوا رَسُولَ اللَّهِ

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَرْبَعِ صَلَوَاتٍ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتَّى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ ، فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ

﴿جامع الترمذی /كِتَاب الصَّلَاةِ/ باب ما جاء فی الرَّجُلِ تَفُوتُهُ الصَّلَوٰاتُ /رقم ١٦٤﴾

ترجمہ : حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مشرکوں نے غزوہ خندق کے دن رسول اللہ ﷺ کو چار نمازوں سے روک دیا یہاں تک کہ رات گذرگئی جتنی اللہ نے چاہی پھر آپ ﷺ نے حکم دیا بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو انہوں نے اذان دی پھر تکبیر کہی اور ظہر پڑھی پھر تکبیر کہی پھر عصر پڑھی پھر تکبیر کہی اور مغرب کی نماز پڑھی اور پھر اقامت کہی اور عشاء کی نماز پڑھی۔

عورت

۱)حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ ، عَنْ أَيُّوبَ ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ ، عَنْ مُعَاذَةَ ح وحَدَّثَنَا حَمَّادٌ ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ ، عَنْ مُعَاذَةَ ، أَنَّ امْرَأَةً ، سَأَلَتْ عَائِشَةَ ، فَقَالَتْ : أَتَقْضِي إِحْدَانَا الصَّلَاةَ أَيَّامَ مَحِيضِهَا ؟ فَقَالَتْ عَائِشَةُ : أَحَرُورِيَّةٌ أَنْتِ ؟ قَدْ كَانَتْ إِحْدَانَا تَحِيضُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ لَا تُؤْمَرُ بِقَضَاءٍ .

﴿صحیح مسلم كِتَاب الْحَيْضِ باب وُجُوبِ قَضَاءِ الصوم جلد۲ صفحہ ۲۳۰ رقم ۵۰۶﴾

ترجمہ : حضرت معاذہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتی ہیں کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ کیا ہم میں سے کسی کو اسکی نماز صرف اسی قدر زمانہ میں جبکہ وہ

احقر العباد عمار حیدر 0300:6056749

طاہر رہے کافی ہے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ کیا تو حروریہ ہے، یقیناً ہم نبی ﷺ کے ہمراہ رہتے تھے اور حیض آتا تھا، مگر آپ ہمیں نماز کی قضاء پڑھنے کا حکم نہ دیتے تھے، یا عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ کہا کہ ہم قضاء نہ پڑھتے تھے۔

مندرجہ بالا احادیث وآثار، اجماع امت اور فقہائے کرام رحمۃ اللہ علیہم کے اقوال سے ثابت ہو رہا ہے کہ مرد وعورت کی نماز ایک جیسی نہیں دونوں میں درجہ ذیل فرق ہیں

تَرْفَعُ يَدَيْهَا حِذَاءَ مَنْكِبَيْهَا ، وَلَا تُخْرِجُ يَدَيْهَا مِنْ كُمَّيْهَا ، وَتَضَعُ الْكَفَّ عَلَى الْكَفِّ تَحْتَ ثَدْيِهَا ، وَتَنْحَنِي فِي الرُّكُوعِ قَلِيلًا ، وَلَا تَعْقِدُ وَلَا تُفَرِّجُ فِيهِ أَصَابِعَهَا بَلْ تَضُمُّهَا وَتَضَعُ يَدَيْهَا عَلَى رُكْبَتَيْهَا ، وَلَا تَحْنِي رُكْبَتَيْهَا ، وَتَنْضَمُّ فِي رُكُوعِهَا وَسُجُودِهَا ، وَتَفْتَرِشُ ذِرَاعَيْهَا ، وَتَتَوَرَّكُ فِي التَّشَهُّدِ وَتَضَعُ فِيهِ يَدَيْهَا تَبْلُغُ رُءُوسُ أَصَابِعِهَا رُكْبَتَيْهَا ، وَتَضُمُّ فِيهِ أَصَابِعَهَا ، وَإِذَا نَابَهَا شَيْءٌ فِي صَلَاتِهَا تُصَفِّقُ وَلَا تُسَبِّحُ ، وَلَا تَؤُمُّ الرَّجُلَ ، وَتُكْرَهُ جَمَاعَتُهُنَّ ، وَيَقِفُ الْإِمَامُ وَسَطَهُنَّ ، وَيُكْرَهُ حُضُورُهَا الْجَمَاعَةَ .

وَتُؤَخَّرُ مَعَ الرِّجَالِ ، وَلَا جُمُعَةَ عَلَيْهَا ، لَكِنْ تَنْعَقِدُ بِهَا ، وَلَا عِيدَ ، وَلَا تَكْبِيرَ تَشْرِيقٍ ، وَلَا يُسْتَحَبُّ أَنْ تُسْفِرَ بِالْفَجْرِ ، وَلَا تَجْهَرُ فِي الْجَهْرِيَّةِ ، بَلْ لَوْ قِيلَ بِالْفَسَادِ بِجَهْرِهَا لَأَمْكَنَ بِنَاءً عَلَى أَنَّ صَوْتَهَا عَوْرَةٌ .

ردالمحتار جلد ٤ صفحه ٧١

عورت تکبیر تحریمہ میں اپنے ہاتھ کندھوں تک اُٹھائے اور اپنے ہاتھ آستینوں سے باہر نہ نکالے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی دوسری پر رکھے یعنی حلقہ نہ بنائے اور ہاتھ پستانوں کے نیچے باندھے۔

اور رکوع میں تھوڑا جھکے رکوع میں گھٹنوں پر ٹیک نہ لگائے اور رکوع میں ہاتھ کی انگلیوں کو کھول کر نہ رکھے بلکہ ملی ہوئی رکھے اور رکوع میں دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے اور اپنے دونوں گھٹنوں

کو جھکائے رکھے اور رکوع میں سمٹی رہے اور سجدے میں بھی سمٹی رہے اور سجدے میں اپنے دونوں بازو بچھادے اور تشہد میں اپنے دونوں پاؤں دائیں جانب نکال سرین پر بیٹھے اور قعدہ میں اپنے دونوں ہاتھ رانوں پر اسطرح رکھے کہ ہاتھوں کی انگلیاں گھٹنوں تک پہنچ جائیں اور ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی رکھے اور جب کوئی امر نماز میں پیش آئے تو ہاتھ پر ہاتھ مارے اور مردوں کی امامت نہ کرے اور عورتوں کی جماعت بھی مکروہ ہے اور عورت کی جماعت میں امام عورت صف میں عورتوں کے ساتھ کھڑی ہو اور عورتوں کا جماعت میں حاضر ہونا مکروہ ہے اور مردوں کے ساتھ ہو تو پیچھے کھڑی ہو اور عورتوں پر جمعہ کی نماز فرض نہیں اگر پڑھ لے تو ادا ہو جائے گی عورتوں پر نماز عید واجب نہیں اور عورتوں پر ایام تشریق میں تکبیر کہنا واجب نہیں اور عورتوں کے لیے مستحب نہیں کہ نماز فجر اجالا میں پڑھے اور نماز جہری پکار کر نہ پڑھے بلکہ جن لوگوں کے نزدیک عورت کی آواز بھی ستر ہے اُنکے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔

غیر مقلدین کی اجماع امت سے مخالفت

ان تمام احادیث وآثار، اجماع امت اور اقوال فقہاء رحمۃ اللہ علیہم کے خلاف غیر مقلدین کا کہنا ہے کہ مرد وعورت کی نماز میں کوئی فرق نہیں یہ فرق کرنا مدا خلت فی الدین ہے غیر مقلدین کا مزاج دینی مسائل میں آوارہ (بے مہار جانور کی مانند) ہے، ان کی تصانیف کے مطالعہ سے یہ بات ظاہر ہے کہ ان کے مزاج میں کہیں ٹھہراؤ نہیں آتا، ان کو اپنے مذہب کے خلاف ہر چیز شرع کے خلاف ہی نظر آتی ہے اور ساری احادیث ضعیف دکھلائی دیتی ہیں، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا عمل حجت نہیں ہوتا، خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی باتیں قابل احتجاج نہیں ہوتی، جمہور کیا کہتے ہیں اور ان کا عمل کیا ہے اس سے انکو کوئی غرض نہیں ہوتی۔ اگر مسئلہ کوئی اپنا ثابت کرنا ہو تو حدیث کا ضعف بھی

قبول ہوتا، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قول وعمل بھی لائق احتجاج ہوتے ہیں۔ جیسے کہ ہر مسئلے میں جمہور سے انکی مخالفت ہے ایسے ہی عورتوں اور مردوں کی نماز کہ فرق میں بھی اختلاف ہے

حکیم صادق سیالکوٹی غیر مقلد لکھتا ہے : عورتوں اور مردوں کی نماز کے طریقہ میں کوئی فرق نہیں .... پھر اپنی طرف سے یہ حکم لگانا کہ عورتیں سینے پر ہاتھ باندھیں اور مرد زیر ناف، اور عورتیں سجدہ کرتے وقت زمین پر کوئی اور ہیئت اختیار کریں اور مرد کوئی اور .... یہ دین میں مداخلت ہے یاد رکھیں کہ تکبیر تحریمہ سے شروع کر کے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنے تک عورتوں اور مردوں کیلئے ایک ہیئت اور شکل کی نماز ہے سب کا قیام، رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ، استراحت، قعدہ اور ہر ہر مقام پر پڑھنے کی دعائیں یکساں ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکور واناث کی نماز کے طریقہ میں کوئی فرق نہیں بتایا

﴿صلاۃ الرسول / صفحہ ۱۹۰﴾

جبکہ انکے کئی مشہور غیر مقلد علماء اس مسئلہ میں مداخلت فی الدین کرتے نظر آتے ہیں

غیر مقلد عالم عبد الجبار غزنوی سے سوال ہوا

"استفتاء..... عورتوں کو نماز میں انضمام کرنا چاہئے یا نہ۔ بینوا توجروا

الجواب..... (دلائل نقل کرنے کے بعد لکھتا ہے)..... غرض عورتوں کا انضمام وانخفاض نماز میں احادیث وتعامل جمہور اہل علم از مذاہب اربعہ وغیرھم سے ثابت ہے منکر اسکا کتب حدیث وتعامل اہل علم سے بے خبر ہے۔ واللہ اعلم۔

﴿مجموعہ الفتاوی از مولوی عبدالجبار / صفحہ ۲۷﴾ یہی مکمل فتویٰ

﴿فتاویٰ علمائے حدیث / باب الرکوع والسجود / جلد ۲ / صفحہ ۱۴۹﴾ میں بھی نقل ہے

اسی طرح غیر مقلد عالم وحید الزماں بھی مداخلت فی الدین کرتا نظر آتا ہے

لکھتا ہے:......**الاان المراة ترفع يديها عند التحريم الى ثدييها ولاتخوى فى السجود كاالرجل بل تخفض و تلصق بطنها بفخذيها ......**

ترجمہ: مگر عورت تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اپنی چھاتی تک اُٹھائے گی۔اور سجدہ میں مردوں کی طرح پیٹ کو زمین سے اونچا نہیں رکھے گی بلکہ پست رہے گی اور اپنے پیٹ کو دونوں رانوں سے چپکا لے گی۔

نزل الابرار من فقه النبى المختار / جلد ١ / صفحه ٧٥

ایسے ہی غیر مقلد عالم نواب صدیق حسن بھوپالی نے بھی مداخلت فی الدین کی ہے لکھتا ہے **انها لاترفع يديها حذاء اذنيها۔**

ترجمہ: عورت اپنے ہاتھ کانوں کے برابر تک نہیں اٹھائے گی۔......

انها تضم فخذيها فى الركوعها وسجودها۔

ترجمہ: عورت رکوع اور سجود میں رانوں کو ملا کر رکھے گی۔......

انها تضع يمينها على شمالها تحت ثديها۔

ترجمہ: عورت اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر سینہ کے نیچے رکھے گی۔......

ولا جمعة عليها۔ترجمہ: اور جمعہ لازم نہیں ہے عورت پر۔

حسن الاسوه از نواب صدیق حسن / صفحه ٥٥٥

اللهم تقبل هذه الرسالة لامة محمد ﷺ واجعلها لنا و ذخرا و وسيلة نجاة بيوم القيامة بفضلك و بكرامك يا ارحم الراحمين

فقط: احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749

٢٠١٦/٢٢/٩

احقر العباد عثمان حیدر 0300:6056749